# خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
## دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

No.F/2/08/2020/S.I/118 Dated:30.04.2020

## حکم نامہ

چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (ڈی ڈی ایم اے) اس امر کا اطمینان کر چکی ہے کہ خطہ قومی راجدھانی دہلی میں کووڈ-19 کی وبا پھیلنے کا اندیشہ ہے، جسے عالمی تنظیم صحت پہلے ہی عالمی وبا قرار دے چکی ہے، اور اسے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں پھیلنے سے روکنے کے لیے مؤثر اقدامات لینا ضروری سمجھتی ہے؛

نیز چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے صورت حال سے مناسب طور پر نپٹنے کی غرض سے تمام ضروری اقدامات لینے کے لیے متعلقہ اتھارٹیز کو وقتاً فوقتاً مختلف احکامات / ہدایات جاری کی ہیں؛

نیز چونکہ، یہ امر مشاہدے میں آیا ہے کہ ضلعوں اور اسپتالوں کے ذریعے مختلف لیبارٹریوں کو ٹسٹ کے لیے بھیجے گئے نمونوں کی خاصی تعداد زیر تکمیل ہے۔ مزید یہ کہ، جو ٹسٹ کیے جا رہے ہیں ان کی رپورٹوں کی موجودہ کثرت کی وجہ سے کووڈ-19 بیماری سے متاثر ہو رہے لوگوں کی تعداد کا تعین کرنے کے لیے کیے جا رہے ٹسٹوں کے ڈیٹا میں مطابقت پیدا کرنے میں مشکل پیش آ رہی ہے۔

نیز چونکہ، بھیجے گئے/جمع کیے گئے نمونوں، کیے گئے ٹسٹوں کی تعداد اور ان کے مختلف لیبارٹریوں/اداروں میں زیر تکمیل ہونے سے متعلق ڈیٹا میں مطابقت پیدا کرنے میں ایسی مشکل کی وجہ سے خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے ذریعے اس عالمی وبا کے مؤثر انتظام میں خلل پڑ رہا ہے۔

لہٰذا اب، ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005 کی دفعہ 22 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکٹو کمیٹی، ڈی ڈی ایم اے کے چیئرپرسن کی حیثیت سے بذریعہٰ ہذا مندرجہ ذیل ہدایات دیتا ہے:

a) اب سے، نمونوں اور ٹسٹنگ کا ڈیٹا منسلکہ فارمیٹ میں روزانہ کی بنیاد پر متعلقہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کی نگرانی میں CDMOs کی سطح پر اکٹھا کیا جائے گا۔

b) مزید یہ کہ، متعلقہ اسپتالوں/اداروں/ٹسٹنگ کی سہولت گاہوں/لیبارٹریوں کے سربراہ، ان ضلعوں کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو جن میں ایسے اسپتال/ادارے/ٹسٹ کی سہولت گاہیں/لیبارٹریاں واقع ہیں، متعلقہ چیف ڈسٹرکٹ میڈیکل آفیسر (CDMO) کے توسط سے ضروری معلومات فراہم کرنے کے لیے ذمہ دار ہوں گے۔

c) ہر ضلع کے چیف ڈسٹرکٹ میڈیکل آفیسر (CDMO) مذکورہ رپورٹ خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے محکمۂ صحت اور خاندانی بہبود کو روزانہ کی بنیاد پر پیش کرنے اور دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے ٹسٹ رپورٹ فارمیٹ میں (جسے ضلعوں کو پہلے ہی 29/ اپریل، 2020 کو بھیجا جا چکا ہے) روزانہ شام 6 بجے تک تازہ ترین اطلاعات شامل کرنے کے لیے ذمہ دار ہوں گے۔

d) ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ صحیح اور مستند رپورٹیں روزانہ ہر حالت میں بروقت پیش کی جائیں/ تازہ ترین کی جائیں۔

(وجے دیو)
چیف سیکرٹری، دہلی

نقل برائے تعمیل بخدمت:

1. خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
2. خطہ قومی راجدھانی دہلی میں واقع ان تمام اسپتالوں/ اداروں/ ٹسٹنگ کی سہولت گاہوں/ لیبارٹریوں کے سربراہان جہاں کووڈ-19 کے لیے ٹسٹ کرنے کی غرض سے نمونے جمع/ وصول کیے جاتے ہیں۔
3. خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے تمام چیف ڈسٹرکٹ میڈیکل آفیسرز

نقل برائے اطلاع بخدمت:

1. عزت مآب لیفٹننٹ گورنر، دہلی کے پرائیویٹ سیکرٹری
2. عزت مآب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے ایڈیشنل سیکرٹری
3. عزت مآب نائب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
4. تمام عزت مآب وزراء، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
5. کمشنر آف پولیس، دہلی
6. ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
7. پرنسپل سیکرٹری (ریوینیو) نیز ڈویژنل کمشنر، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
8. پرنسپل سیکرٹری (صحت اور خاندانی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
9. سیکرٹری (صحت اور خاندانی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
10. اسٹیٹ ایگزی کیوٹو کمیٹی، ڈی ڈی ایم اے، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے تمام ممبران
11. ڈائرکٹر، ڈی آئی پی، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کو وسیع تشہیر کے لیے
12. سسٹم انالسٹ، آفس آف ڈویژنل کمشنر، دہلی، اس حکم نامے کو ویب سائٹ ddma.delhigovt.nic.in پر ڈالنے کے لیے۔
13. گارڈ فائل